دوسرا پرچہ: ترجمہ قرآن وحدیث

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول۔۔۔ترجمہ قرآن مجید

سوال نمبر1:۔ درج ذیل میں سے کوئی سے چار اجزا کا ترجمہ کریں۔ ۴x۱۰=۴۰

(۱) إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ o اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ o

(۲) إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللهِ وَالْفَتْحُ o وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُونَ فِي دِيْنِ اللهِ أَفْوَاجًا o

(۳) وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ o وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ o وَهٰذَا الْبَلَدِ الْأَمِيْنِ o لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِيْ أَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ o

(۴) مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى o وَلَلْآخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْأُوْلٰى o

(۵) قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ o مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ o وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ o

(۶) أَرَأَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ o فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ o

سوال نمبر2:۔ درج ذیل میں سے صرف پانچ الفاظ کے معانی تحریر کریں۔ ۵x۲=۱۰

صُدُوْر اَلْجَنَّة اَلْحَطَب حَبْل

اَثْقَال لُمَزَة فَسَبِّحْ اَلشَّفْع

حصہ دوم۔۔۔حدیث (اربعین نووی)

سوال نمبر3:۔ درج ذیل میں سے چار اجزا کا ترجمہ کریں۔ ۴x۱۰=۴۰

(۱) قَالَ فَأَخْبِرْنِيْ عَنِ الْإِحْسَانِ قَالَ أَنْ تَعْبُدَ اللهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ

(۲) فَمَنِ اتَّقَى الشُّبُهَاتِ فَقَدِ اسْتَبْرَأَ لِدِيْنِهٖ وَعِرْضِهٖ

(۳) فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهٗ إِلَى اللهِ وَرَسُوْلِهٖ فَهِجْرَتُهٗ إِلَى اللهِ وَرَسُوْلِهٖ

(۴) سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ

(۵) إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوٰى

(۶) حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ

سوال نمبر4:۔ درج ذیل میں سے صرف پانچ الفاظ کے معانی تحریر کریں۔ ۵x۲=۱۰

بَطْن اَلْأَمَة اَلْعُرَاة بُنِيَ مُضْغَة

الشَّعْر أَحْدَثَ بَيِّنٌ اَلْقَلْب

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان (رجسٹرڈ)

امتحان سالانہ: م۔ت/ ۳

شهادة التجويد والقراءة

طلبه

۲۰۲۳ء/ ۱۴۴۴ھ

تیسرا پرچہ: مقدمہ جزریہ

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1:۔ درج ذیل میں سے پانچ اشعار کا ترجمہ کریں۔ ۳۰=۶x۵

(۱)	مُحَرِّرِی التَّجْوِیْدِ وَالْمَوَاقِفِ	وَمَا الَّذِیْ رُسِّمَ فِی الْمَصَاحِفِ
(۲)	الْأَضْرَاسَ مِنْ أَیْسَرَ أَوْ یُمْنَاهَا	وَاللَّامُ أَدْنَاهَا لِمُنْتَهَاهَا
(۳)	مِنْ طَرْفَیْهِمَا وَ مِنْ بَطْنِ الشَّفَهْ	فَالْفَا مَعَ أَطْرَافِ الثَّنَایَا الْمُشْرِفَهْ
(۴)	وَبَیْنَ رِخْوٍ وَّالشَّدِیْدِ "لِنْ عُمَرْ"	وَسَبْعُ عُلْوٍ "خُصَّ ضَغْطٍ قِظْ" حَصَرْ
(۵)	وَرَدُّ كُلِّ وَاحِدٍ لِّأَصْلِهٖ	وَاللَّفْظُ فِیْ نَظِیْرِهٖ كَمِثْلِهٖ
(۶)	فَرَقِّقَنْ مُّسْتَفِلاً مِّنْ أَحْرُفِ	وَحَاذِرَنْ تَفْخِیْمَ لَفْظِ الْأَلِفِ

سوال نمبر2:۔ درج ذیل میں سے چار اشعار مکمل کریں۔ ۴۰=۱۰x۴

(۱)	وَبَآءِ بَرْقٍ بَاطِلٍ بِهِمْ بِذِیْ	------------------------------
(۲)	------------------------------	قَبْلَهُمَا وَالِانْحِرَافُ صُحِّحَا
(۳)	وَفَخِّمِ اللَّامَ مِنَ اسْمِ اللّٰهِ	------------------------------
(۴)	------------------------------	شَدِیْدُهَا لَفْظُ "أَجِدْ قَطٍ بَكَتْ"
(۵)	وَهُوَ أَیْضاً حِلْیَةُ التِّلَاوَةِ	------------------------------
(۶)	------------------------------	قِیَمَا عَلٰی قَارِئِهٖ أَنْ یَّعْلَمَهْ

سوال نمبر3:۔ "المقدمة الجزرية" میں سے کوئی تین اشعار زبانی مع ترجمہ تحریر کریں لیکن وہ اشعار سوالیہ پرچہ میں موجود اشعار کے علاوہ ہوں۔ ۳۰=۱۰x۳

چوتھا پرچہ: فوائد مکیہ

نوٹ: (1) تمام سوالات حل کریں۔ (2) سوالات، سوالیہ پرچہ پر ہی حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔ درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔ ۴۰=۲x۲۰

(۱) فوائد مکیہ کتاب ہے۔ (ا) صرف کی (ب) تجوید کی (ج) نحو کی

(۲) امام فرّا کے نزدیک حروف کے مخارج؟ (ا) چودہ (ب) سترہ (ج) تیرہ

(۳) تجوید سے قرآن نہ پڑھنے والا کہلائے گا۔ (ا) پرہیزگار (ب) نیکوکار (ج) خطاوار

(۴) تجوید کا موضوع ہے۔ (ا) قرآن پاک (ب) حروف تہجی (ج) لفظ

(۵) بسم اللہ پڑھنے کی صورتیں ہیں؟ (ا) چار (ب) پانچ (ج) دو

(۶) نون میم مشدد ہو تو۔۔۔ہوگا۔ (ا) ادغام (ب) اخفاء (ج) غنہ

(۷) جہر کی ضد ہے۔ (ا) ہمس (ب) رخاوت (ج) شدت

(۸) پانچ حروف ہیں۔ (ا) شدیدہ (ب) رخوہ (ج) متوسطہ

(۹) قلقلہ کے معانی ہیں۔ (ا) قیلولہ کرنا (ب) کلی کرنا (ج) جنبش دینا

(۱۰) مدعارض اور مدلین عارض میں وجہ ہیں۔ (ا) دو (ب) تین (ج) چار

(۱۱) "ف، ہ" یہ دونوں حرف۔۔۔ہیں۔ (ا) اقوی الحروف (ب) اضعف الحروف (ج) احسن الحروف

(۱۲) "ظ، ذ، ت" کا اشتراک ہے۔ (ا) انفتاح میں (ب) استفال میں (ج) رخاوت میں

(۱۳) ہمیشہ ہر حال میں پُر پڑھے جاتے ہیں۔ (ا) حروف مستعلیہ (ب) حروف شدیدہ (ج) حروف نطعیہ

(۱۴) نون ساکن اور نون تنوین کے حال ہیں۔ (ا) پانچ (ب) چار (ج) تین

(۱۵) جن کی روایت تمام جہان میں پڑھی جاتی ہے۔ (ا) امام حفص (ب) امام عاصم (ج) امام عامر

(۱۶) عِوَجًا قَيِّمًا میں اظہار ہوگا۔۔۔کی وجہ سے۔ (ا) نصب (ب) سکتہ (ج) شد

(۱۷) مشدد حرفوں میں دیر۔۔ہوتی ہے۔ (ا) دو حرفوں کی (ب) تین حرفوں کی (ج) ایک حرف کی

(۱۸) طرف لسان اور دانتوں کی جڑ سے۔ (ا) ل، ن (ب) ر (ج) الف، ب دونوں

(۱۹) سیبویہ کے نزدیک حروف کے مخارج ہیں۔ (ا) سترہ (ب) سولہ (ج) چودہ

(۲۰) حروف لہویہ ہیں۔ (ا) ل، ر (ب) ق، ک (ج) ت، ث

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے دس کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ ۶۰=۶x۱۰

(۱) بسم اللہ پڑھنے کی چار صورتیں ہیں۔ (۱)__________ (۲)__________ (۳)__________ (۴)__________

(۲) لحن جلی کی تین صورتیں لکھیں۔ (۱)__________ (۲)__________ (۳)__________

(۳) نواں مخرج ہے: ______________________________

(۴) قلقلہ کے حروف اور حکم لکھیں: ______________________________

(۵) تفخیم کا معنی اور اس کے حروف بیان کریں: ______________________________

(۶) میم ساکن کے تین حال ہیں: (۱)__________ (۲)__________ (۳)__________

(۷) ادغام ناقص کیا ہوتا ہے؟ ______________________________

(۸) اجتماع ساکنین علی حدہ کی شرائط بتائیں: ______________________________

(۹) مد فرعی کی تعریف کیا ہے؟: ______________________________

(۱۰) حروف کی باعتبار قوت وضعف پانچ قسمیں ہیں: (۱)______ (۲)______ (۳)______ (۴)______ (۵)______

(۱۱) وقف کا معنی اور اس کی اقسام لکھیں: ______________________________

پانچواں پرچہ: عقائد وفقہ

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

عقائد وفقہ

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل میں سے دس سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ ۱۰x۳=۳۰

(۱) مسلمان کسے کہتے ہیں؟
(۲) اسلام کی بنیاد کن چیزوں پر ہے؟
(۳) مشرک کسے کہتے ہیں؟
(۴) گناہ گار مسلمان کی نجات کیسے ہوگی؟
(۵) مرتد کسے کہتے ہیں؟
(۶) جنت میں داخل ہونے والوں کی تعداد کتنی ہے؟
(۷) جنت میں کیا کیا ہوگا؟
(۸) رسول اللہ ﷺ نے اسلام کس طرح پھیلایا؟
(۹) قرآن مجید کتنے عرصہ میں نازل ہوا؟
(۱۰) اس زمانہ میں بے نمازی کو کیا سزا دی جائے؟
(۱۱) کیا مسلمانوں میں مشرک ہوتے ہیں؟
(۱۲) مطلب سمجھے بغیر کلمہ پڑھنے سے مسلمان ہوجاتا ہے یا نہیں؟

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے دس سوالات کے مختصر جوابات سپردِ قلم کریں۔ ۱۰x۳=۳۰

(۱) نماز کی فضیلت میں حدیث لکھیں۔
(۲) مسجد میں داخل ہونے کی دعا تحریر کریں؟
(۳) نمازوں کے اوقات لکھیں۔
(۴) سنت غیر مؤکدہ اور نفل کی رکعات کل کتنی ہیں؟
(۵) اذان واقامت میں کیا فرق ہے؟
(۶) وضو کرنے کا مختصر طریقہ لکھیں۔
(۷) تکبیر کہنا کس کا حق ہے؟
(۸) وضو کے بعد کیا پڑھا جاتا ہے؟
(۹) دعائے قنوت یاد نہ ہو تو کیا پڑھے؟
(۱۰) قومہ کسے کہتے ہیں؟
(۱۱) کھانے سے پہلے کی دعا کیا ہے؟
(۱۲) اذان کہنے والے کو کیا کہتے ہیں؟

سوال نمبر 3:۔ صرف چار سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ ۱۰x۴=۴۰

(۱) چھٹے کلمہ کا ترجمہ تحریر کریں۔
(۲) ایمان مفصل لکھیں۔
(۳) سر کا مسح کس طرح کرنا چاہیے؟
(۴) تشہد کے الفاظ تحریر کریں۔
(۵) نیا کپڑا پہننے کی دعا لکھیں۔

وقت: تین گھنٹے

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ

کل نمبر: ۱۰۰

امتحان سالانہ: م۔۸/۶ — الشهادة المتوسطة / تجوید و قراءت (مڈل) — طلبه — 23ء/ ۱۴۴۴ھ

چھٹا پرچہ: صرف ونحو

نوٹ: دونوں حصوں سے دو دو سوال حل کریں۔

حصہ اول۔۔۔۔صرف

سوال نمبر1:۔ (الف) شش اقسام میں سے پانچ کی تعریف ومثال لکھیں۔ — ۵x۳=۱۵

(ب) حروف اصلی اور زائد میں فرق کرنے کے لیے صرفیوں کا معیار کیا ہے؟ وضاحت کریں۔ — ۱۰

سوال نمبر2:۔ (الف) اسم کی تینوں قسموں کی تعریف مثالوں کے ساتھ تحریر کریں۔ — ۵x۳=۱۵

(ب) اسم مشتق کی قسموں میں سے پانچ کے نام لکھیں۔ — ۱۰

سوال نمبر3:۔ (الف) اسم فاعل کی گردان مع ترجمہ تحریر کریں۔ — ۱۰

(ب) درج ذیل میں سے تین کی تعریفات مثالوں سمیت لکھیں۔ — ۵x۳=۱۵

اجوف — علم صرف — رباعی مزید فیہ — فعل جحد — حرف

حصہ دوم۔۔۔۔نحو

سوال نمبر4:۔ (الف) مرکب کی دونوں قسموں کی تعریف مثالوں سمیت لکھیں۔ — ۱۰

(ب) فعل کی تعریف کریں اور اس کی پانچ علامات لکھیں۔ — ۵+۱۰=۱۵

سوال نمبر5:۔ (الف) معرفہ کی تعریف اور اس کی اقسام میں سے پانچ کے نام تحریر کریں۔ — ۵+۵=۱۰

(ب) درج ذیل میں سے تین کی تعریفات مثالوں سمیت لکھیں۔ — ۵x۳=۱۵

جملہ خبریہ — مرکب منع صرف — مسندالیہ — اسم غیر متمکن

سوال نمبر6:۔ (الف) علم نحو کی تعریف، موضوع اور غایت تحریر کریں۔ — ۵x۳=۱۵

(ب) درج ذیل میں سے تین کے معرب ومبنی کی وضاحت کریں۔ — ۱۰

(۱) يَضْرِبْنَ (۲) هُمْ أَطْفَالٌ (۳) سَافَرْتُ مِنْ مُلْتَانَ إِلَى لَاهُوْرَ

(۴) ضَرَبُوْا (۵) اِضْرِبْ